## جناح اسپتال کراچی میں متاثرہ نرس کے ساتھ رونما ہونیوالے افسوسناک واقعہ کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائے، الطاف حسین
## زیادتی کا نشانہ بننے والی نرس کو دھمکیوں کا نوٹس لیا جائے اور تحفظ فراہم کیا جائے

لندن۔۔۔17، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے جناح اسپتال کراچی میں زیادتی کا نشانہ بننے والی نرس کو ملنے والی دھمکیوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ متاثرہ نرس کے ساتھ رونما ہونے والے افسوسناک واقعہ کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ جناح اسپتال کراچی میں نرس کے ساتھ زیادتی کے واقعہ کے بعد سے دھمکیاں دینا ملک بھر کے محبِّ وطن عوام کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔انہوں نے کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ شعبہ طب کو ایسے درندہ صفت اور وحشیانہ عمل میں ملوث عناصر سے پاک کیا جائے اور ایک مربت لائحہ عمل بناتے ہوئے اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ خواتین کے تقدس میں اضافہ ہو اور طب کے معزز پیشے کا معیار گرانے میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔انہوں نے متاثرہ نرس اور اس کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور انہیں تلقین کی کہ وہ انصاف کے حصول سے ہرگز مایوس نہ ہوں۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیر سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ جناح اسپتال کراچی میں زیادتی کا نشانہ بننے والی نرس کو دھمکیوں کا سختی سے نوٹس لیا جائے، اس میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے اور متاثرہ نرس اور اس کے اہل خانہ کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

## ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج الطاف زیدی کے بہنوئی سلیم احمد زیدی کے انتقال پر الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔17، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی صوبائی کمیٹی کے انچارج الطاف زیدی کے بہنوئی سلیم احمد زیدی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بھی الطاف زیدی کے بہنوئی سلیم احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے دعا کی۔

## ایم کیوایم کے رکن قومی اسمبلی فرحت خان کی والدہ محترمہ عابدہ غالب خان کی علالت پر
## قائد تحریک الطاف حسین کا اظہار تشویش۔کارکنوں اور عوام سے دعائے صحت کی اپیل

لندن۔۔۔17 جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے رکن قومی اسمبلی فرحت خان کی والدہ محترمہ عابدہ غالب خان کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ محترمہ عابدہ غالب خان کو صحت کاملہ عطا کرے اور انکی عمر دراز فرمائے۔انہوں نے کارکنوں اور عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ محترمہ عابدہ غالب خان کی صحتیابی کیلئے دعا کریں۔واضح رہے کہ فرحت خان کی والدہ محترمہ عابدہ غالب خان گزشتہ کئی دنوں سے علیل ہیں اور مقامی اسپتال میں زیر علاج ہیں۔

## لاہور میں دھماکوں پر الطاف حسین کا اظہار مذمت

لندن۔۔۔17، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لاہور کے علاقوں گڑھی شاہو اور بیگم کورٹ میں ہونے والے دھماکوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس میں متعدد افراد کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ لاہور میں یکے بعد دیگرے دو بم دھماکے شہریوں کو خوف میں مبتلا کرنے اور شہر کا امن خراب کرنے کی سازش ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ لاہور میں یکے بعد دیگرے دو دھماکوں میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے مزید ٹھوس اور مثبت اقدامات کئے جائیں۔انہوں نے دھماکوں میں زخمی ہونے والے افراد سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن وسابقہ نائب ناظم مسعوداحمد کے انتقال پر الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔17، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 2 یوسف گوٹھ کے کارکن مسعوداحمد کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مسعوداحمد مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 2 یوسف گوٹھ کے کارکن اور سابقہ نائب ناظم مسعوداحمد،ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر یونٹ 193 شیر شاہ کے جوائنٹ انچارج محمد تحسین قریشی کے بڑے بھائی محمد یامین قریشی،پاک کالونی سیکٹر یونٹ 193 کے شمس الدین کی والدہ حاجرہ بی بی اور ایم کیوایم جیکب آباد زونل کمیٹی کے رکن ہزار خان بنگلانی کی والدہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

## ایم کیوایم جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ہے اور اس کا مستقبل روشن ہے

## ایم کیوایم شعبہ اطلاعات کی نئی عمارت کی افتتاحی تقریب میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کے تاثرات

کراچی۔۔۔17، جولائی 2010ء

مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ہے اور اس کے مرکزی شعبہ اطلاعات کی نئی عمارت میں میڈیا کے حوالے سے جدید سہولیات کی فراہمی احسن اقدام ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر منعقدہ شعبہ اطلاعات کی نئی عمارت کی افتتاحی تقریب میں کیا۔افتتاحی تقریب میں دانشور،ادیب،شعراء،صحافیوں،ڈاکٹرز،انجینئرز اور زندگی کے مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی اس موقع پر اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک کے واحد لیڈر ہیں جنہوں نے اپنی تحریک اور اس سے وابستہ کارکنوں کو ہمیشہ علم حاصل کرنے اور اپنے آپ کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی تلقین کی ہے۔ان کا کہنا تھا کہ 21 ویں صدی میں جدید ٹیکنالوجی کے حصول کے بغیر ترقی کی منازل طے کرنا ممکن نہیں ہے اور ایم کیوایم نے ہمیشہ اپنے آپ کو متحرک رکھا ہے اور اس سلسلے میں نت نئی ٹیکنالوجی کا حصول اپنا معمول بنالیا ہے جس سے ہر ذی شعور شخص یہ اندازہ لگا سکتا ہے کہ ایم کیوایم ترقی وخوشحالی کیلئے جدید ٹیکنالوجی کو عوام کی بہتری کیلئے بھی استعمال کرنا چاہتی ہے۔انہوں نے کہا کہ آج کے دور میں ترقی وہی قومیں کرسکتی ہیں جو معاشرے سے ہم آہنگ ہوکر چلیں اور ایم کیوایم شروع دن سے معاشرے سے ہم آہنگ ہوکر چل رہی ہے اور آنے والے وقت میں اس کا مستقبل روشن ہے۔انہوں نے شعبہ اطلاعات کی نئی عمارت کے افتتاح اور اس میں جدید سہولیات کی فراہمی پر ایم کیوایم شعبہ اطلاعات کے اراکین کو مبارکباد پیش کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر،صحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## کے ای ایس سی کی جانب سے قومی کھیل ہاکی سمیت 3 ٹیموں کو بند کرنے اور کھلاڑیوں کو نکالنا سراسر ناانصافی ہے،ڈاکٹر صغیر احمد

## کے ای ایس سی سے نکالے گئے کھلاڑیوں کے نمائندہ وفد کی نائن زیرو پر ملاقات

کراچی۔۔۔17، جولائی 2010ء

کراچی الیکٹرک سپلائی اسپورٹس ڈیپارٹمنٹ (کے ای ایس سی) کی جانب سے نکالے گئے کھلاڑیوں کے ایک نمائندہ وفد نے کراچی ہاکی ایسوسی ایشن کے سیکریٹری فاروق خان کی سربراہی میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر صغیر احمد سے ملاقات کی اور انہیں کے ای ایس سی اسپورٹس ڈیپارٹمنٹ کی قومی کھیل ہاکی سمیت اور 3 ٹیموں کو بند کرنے کے باعث کھلاڑیوں میں پائی جانے والی تشویش سے آگاہ کیا۔اس موقع پر پاکستان ہاکی فیڈریشن کے سینئر نائب صدر اور کراچی ہاکی ایسوسی ایشن کے صدر واسع جلیل بھی موجود تھے۔وفد نے رابطہ کمیٹی کو بتایا کہ حال ہی میں کے ای ایس سی میں ملازمین کو مستقل کیا گیا ہے اور اس کو مدنظر رکھتے ہوئے جب اسپورٹس کے کھلاڑیوں نے اپنے مستقل ہونے کی آواز بلند کی تو انتظامیہ نے ہاکی،باکسنگ اور باسکٹ بال کی ٹیموں کو ختم کردیا جس کے سبب تینوں ٹیموں کے 58 کھلاڑیوں کو نکال دیا گیا۔انہوں نے بتایا کہ تمام کھلاڑیوں کی کے ای ایس سی اسپورٹ ڈیپارٹمنٹ میں خدمات 5 سے 15 سال ہے اور اپنی ان خدمات کے پیش نظر جب کھلاڑی اسپورٹس ڈیپارٹمنٹ کے DGM سے ملے تو انہوں نے کہا کہ آپ تمام کھلاڑیوں کو ڈیوٹی پر بھیج دیا جائے گا جبکہ اس دعوے کے برعکس کھلاڑیوں کو کے ای ایس سی سے

نکال دیا گیا ہے۔انہوں نے بتایا کہ بحیثیت کھلاڑی جب کسی شخص کا کھیل ختم ہوجائے تو اسے مختلف جگہوں پر اس کی تعلیمی قابلیت کو سامنے رکھتے ہوئے نوکری فراہم کردی جاتی ہے۔انہوں نے کہا کہ اس سے قبل کبھی بھی ایسے غیر منطقی اقدامات نہیں کئے گئے کہ ٹیموں کو ہی بند کردیا جائے اور کھلاڑیوں کو باہر نکال دیا جائے جبکہ کراچی میں ہاکی نمبرون پر ہے اور پاکستان میں نمبر 9 پر ہے۔رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر صغیر احمد نے وفد کی گزارشات کو توجہ سے سنا اور کہا کہ کے ای ایس سی میں ٹیموں کو بند کرنا اور کھلاڑیوں کو باہر نکال دینا سراسر ناانصافی ہے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ کے ای ایس سی میں ٹیموں کی بندش اور کھلاڑیوں کو فارغ کرنے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور کھلاریوں کے ساتھ جاری ناانصافی کا سلسلہ بند کرایا جائے۔

## سانحہ داتا دربار کے شہداء کے متاثرین کو امدادی چیک باؤنس ہونے کا سختی سے نوٹس لیا جائے،ارکان رابطہ کمیٹی

لاہور۔۔۔17،جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان افتخار اکبر رندھاوا اور توصیف خانزادہ نے سانحہ داتا دربار میں شہید ہونیوالے زائرین کے ورثاء کو حکومت پنجاب کی جانب سے دیئے گئے امدادی چیک باؤنس ہونے کی اطلاعات پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور اسے شہداء کے ورثاء کے ساتھ سنگین مذاق قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ متاثرین کی مالی امداد کیلئے فی الفور ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں۔اپنے ایک بیان میں افتخار اکبر رندھاوا نے کہا کہ حکومت پنجاب کی جانب سے سانحہ داتا دربار میں شہید ہونے والے زائرین کے ورثاء کو امدادی رقم چیک تقسیم کیے گئے تھے تاہم ضابطے کی کارروائی مکمل ہونے کے باوجود تمام چیک باؤنس ہوگئے جو متاثرہ خاندانوں کے ساتھ سنگین مذاق ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک جانب متاثرہ خاندان سانحہ داتا دربار میں اپنے پیاروں کو کھونے کے بعد شدت غم سے نڈھال ہیں اور شدید مالی پریشانیوں کا شکار ہیں جبکہ دوسری طرف متاثرین سے اظہار ہمدردی کے بجائے الٹا انہیں رسوا کیا جارہا ہے جو ملک بھر کے عوام کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔افتخار اکبر رندھاوا اور توصیف خانزادہ نے صدر آصف علی زرداری،وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اور وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا ہے کہ سانحہ داتا دربار کے شہداء کے متاثرین کو امدادی چیک باؤنس ہونے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور متاثرین کی بروقت امداد کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں۔

☆☆☆☆☆